بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مَاشَآءَ اللّٰهُ لَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا وَحَبِيْبِنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَعِتْرَتِهٖ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ وَبِعَدَدِ خَلْقِكَ وَرِضٰى نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ

مکشوفاتِ منازلِ احسان

المعروف بہ

مقالاتِ حکمت دارالاحسان

لِلتَّقْسِيْمِ وَالتَّوْزِيْعِ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

لانتفاع و النفع

لِجَمِيْعِ اُمَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

لمرضات الله تعالٰی و رسولہ الکریم صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم۔ اٰمین

مؤلف: ابوانیس محمد برکت علی لودھیانوی عفی عنہ

المقام النّجاف الصّحاف لمقبول المصطفین ○ دارالاحسان فیصل آباد پاکستان

یاحیّ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○ مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ یاقیوم
اللّٰھم صلّ وسلّم وبارک علیٰ سیّدنا ومولٰنا وحبیبنا محمّدن النّبیّ الاُمّی وعلیٰ اٰلہٖ واصحابہٖ وعترتہٖ بعدد کلّ معلوم لّک وبعدد خلقک
ورضیٰ نفسک وزِنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللّٰہ الّذی لا اِلٰہ اِلّا ھو الحیّ القیّوم واتوب الیہ یاحیّ یاقیّم

امروزِ سعید ۲۷ رجب المرجب ۱۴۲۱ھ ہجری المقدس

جلدِ نوزدہم (۱۹)

طبع ——— اوّل

مطبع ——— نثار آرٹ پریس پرائیویٹ لمیٹڈ، لاہور

طابع ——— المستفیض دارالاحسان، فیصل آباد

مقامِ اشاعت

المقام النّجاف الصّحاف المقبول المصطفین ◎ دارُالاِحسان

المستفیض دارُالاحسان چک ۲۴۲ ر۔ب (ڈسوہہ) سمندری روڈ ضلع فیصل آباد پنجاب پاکستان

فون نمبر: ۴۶۶۰۰

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ

اَلْحَمْدُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ فَاللّٰہُ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ

البقرہ ۲۵۵

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۵ البقرہ ۲۵۵

اَلْحَمْدُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ ★ فَاللّٰہُ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ ★

کتاب النبی الامی صلی اللہ علیہ وسلم

بسم اللہ الرحمن الرحیم ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ یا حی یا قیوم اللہم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی آلہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وخلق ورضی
نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ العظیم الذی لا الہ الا ہو الحی القیوم واتوب الیہ یا حی یا قیوم

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ثُمَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ○ هٰذَا كِتَابٌ مِّنْ مُّحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الْمَكِّيِّ الْمَدَنِيِّ التِّهَامِيِّ الْحِجَازِيِّ الْاَبْطَحِيِّ صَاحِبِ الْقَضِيْبِ وَالنَّاقَةِ وَالتَّاجِ وَالْكَرَامَةِ صَاحِبِ شَهَادَةِ
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ اِلٰى مُتَصَرِّفِ الدَّارِ وَالدِّيَارِ وَالزُّوَّارِ وَالْعُمَّارِ اِلَّا طَارِقًا يَّطْرُقُ بِخَيْرٍ ○
اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ لَنَا وَلَكُمْ فِي الْحَقِّ سَعَةً فَاِنْ يَّكُنْ طَارِقًا مُّوْلِيًا اَوْ مُؤْذِيًا اَوْ خَدَعَنَا حَقًّا اَوْ بَاطِلًا اَوْ مُؤْذِيًا اَوْ مُقْتَحِمًا
فَاتْرُكُوْا حَمَلَةَ الْقُرْاٰنِ وَانْطَلِقُوْا اِلٰى عَبَدَةِ الْاَوْثَانِ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرَانِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ
الرَّحِيْمِ ○ بِاسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَلَا غَالِبَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا اَحَدٌ مِّثْلَ اللّٰهِ وَلَا شَيْءٌ سِوَى اللّٰهِ وَبِسْمِ اللّٰهِ اَسْتَفْتِحُ وَعَلَى اللّٰهِ اَتَوَكَّلُ
حَامِلُ كِتَابِيْ هٰذَا فِيْ اَمَانِ اللّٰهِ وَفِيْ حِفْظِهٖ وَفِيْ كَنَفِهٖ وَفِيْ سِتْرِهٖ اَيْنَ مَا كَانَ وَحَيْثُ مَا تَوَجَّهَ لَا تَقْرَبُوْهُ وَلَا تُفْزِعُوْهُ وَلَا
تُضَارُّوْهُ قَائِمًا وَّقَاعِدًا وَّنَائِمًا وَّلَا فِي الْاَكْلِ وَالشُّرْبِ وَلَا فِي اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَلَا فِيْ يَوْمٍ وَّلَا فِيْ نَهَارٍ وَّلَا فِيْ بَرٍّ وَّ
لَا فِيْ بَحْرٍ وَّكُلَّمَا سَمِعْتُمْ صَوْتَ حَامِلِ كِتَابِيْ بِاَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ فَادْبِرُوْا عَنْهُ بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ
اللّٰهِ ـ بِاللّٰهِ الَّذِيْ هُوَ غَالِبٌ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ اَعْلٰى مِنْ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ـ وَبِمُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ النَّبِيِّ
الْاُمِّيِّ الْمَبْعُوْثِ اِلَى الثَّقَلَيْنِ ○ اَللّٰهُمَّ احْفَظْ حَامِلَ كِتَابِيْ هٰذَا ـ بَلْ مَنْ عَلَّقَ عَلَيْهِ هٰذِهِ الْاَسْمَاءَ بِالْاِسْمِ الَّذِيْ هُوَ مَكْتُوْبٌ
عَلٰى سُرَادِقَاتِ الْعَرْشِ اَنَّهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ هُوَ الْغَالِبُ الَّذِيْ لَا يَغْلِبُهٗ شَيْءٌ وَّلَا يَنْجُوْ مِنْهُ هَارِبٌ ـ فَاُعِيْذُهٗ
بِالْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ وَبِالْعَيْنِ الَّتِيْ لَا تَنَامُ وَالْعَرْشِ الَّذِيْ لَا يَتَحَرَّكُ وَالْكُرْسِيِّ الَّذِيْ لَا يَزُوْلُ وَبِالْاِسْمِ الَّذِيْ هُوَ مَكْتُوْبٌ فِي
اللَّوْحِ الْمَحْفُوْظِ وَبِالْاِسْمِ الَّذِيْ هُوَ مَكْتُوْبٌ فِي الْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ وَبِالْاِسْمِ الَّذِيْ حُمِلَ بِهٖ عَرْشُ بِلْقِيْسَ اِلٰى سُلَيْمَانَ ابْنِ دَاوٗدَ عَلَيْهِ
السَّلَامُ قَبْلَ اَنْ يَّرْتَدَّ اِلَيْهِ طَرْفُهٗ وَبِالْاِسْمِ الَّذِيْ نَزَلَ بِهٖ جِبْرَائِيْلُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ يَوْمِ الْاِثْنَيْنِ وَبِالْاِسْمِ الَّذِيْ
هُوَ مَكْتُوْبٌ فِيْ قَلْبِ الشَّمْسِ وَاُعِيْذُهٗ بِالْاِسْمِ الَّذِيْ سَرَاهُ بِهِ السَّحَابَ الثِّقَالَ وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ وَ
بِالْاِسْمِ الَّذِيْ تَجَلّٰى بِهِ الرَّبُّ عَزَّ وَجَلَّ لِمُوْسَى ابْنِ عِمْرَانَ فَخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا ـ وَبِالْاِسْمِ الَّذِيْ كُتِبَ بِهٖ عَلٰى وَرَقِ الزَّيْتُوْنِ
وَاُلْقِيَ فِي النَّارِ فَلَمْ يَحْتَرِقْ ـ وَبِالْاِسْمِ الَّذِيْ مَشٰى بِهِ الْخِضْرُ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَلَى الْمَاءِ فَلَمْ يَبْتَلَّ قَدَمَاهُ ـ وَبِالْاِسْمِ الَّذِيْ
نَطَقَ بِهٖ عِيْسٰى وَهُوَ ابْنُ مَرْيَمَ فِي الْمَهْدِ صَبِيًّا وَّاَبْرَءَ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ بِاِذْنِ اللّٰهِ وَاَحْيَى الْمَوْتٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ ـ وَبِالْاِسْمِ الَّذِيْ
نَجّٰى بِهٖ يُوْسُفَ مِنَ الْجُبِّ وَبِالْاِسْمِ الَّذِيْ نَجّٰى بِهٖ اِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ مِنْ نَّارِ نَمْرُوْدَ حِيْنَ اُلْقِيَ فِي النَّارِ وَبِالْاِسْمِ الَّذِيْ نَجّٰى بِهٖ
يُوْنُسَ مِنْ بَطْنِ الْحُوْتِ وَبِالْاِسْمِ الَّذِيْ فَلَقَ بِهِ الْبَحْرَ لِمُوْسَى ابْنِ عِمْرَانَ وَجَعَلَ كُلَّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِيْمِ وَاُعِيْذُهٗ بِتِسْعِ
اٰيَاتِ الَّتِيْ نَزَلَتْ عَلٰى مُوْسَى ابْنِ عِمْرَانَ بِطُوْرِ سِيْنَآءَ وَاُعِيْذُهٗ مِنْ كُلِّ عَيْنٍ نَّاظِرَةٍ وَّكُلِّ اُذُنٍ سَامِعَةٍ وَّالْسِنٍ نَّاطِقَةٍ وَّاَيْدٍ
بَاطِشَةٍ وَّقُلُوْبٍ وَّاعِيَةٍ فِيْ صُدُوْرٍ خَاوِيَةٍ وَّاَنْفُسٍ كَافِرَةٍ وَّمِنْ كُلِّ مَنْ يَّعْمَلُ عَمَلَ السُّوْٓءِ وَمِنْ سُوْٓءِ شَرِّ التَّوَابِعِ وَالسَّحَرَةِ وَ
مَنْ فِي الْجِبَالِ وَالْاَرْضِ وَالْخَرَابِ وَالْعُمْرَانِ وَسَاكِنِ الْاٰجَامِ وَسَاكِنِ الْبِحَارِ وَسَاكِنِ ضِيْقِ الظُّلَمِ وَاُعِيْذُهٗ مِنْ شَرِّ الشَّيَاطِيْنِ
وَجُنُوْدِهِمْ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ غُوْلٍ وَّغُوْلَةٍ وَّ سَاحِرٍ وَّسَاحِرَةٍ وَّسَاكِنٍ وَّسَاكِنَةٍ وَّ تَابِعٍ وَّتَابِعَةٍ وَّمِنْ شَرِّهِمْ وَشَرِّ اٰبَائِهِمْ
وَاُمَّهَاتِهِمْ وَاَبْنَائِهِمْ وَبَنَاتِهِمْ وَاِخْوَانِهِمْ وَعَمَّاتِهِمْ وَخَالَاتِهِمْ وَقَرَابَتِهِمْ وَمِنْ شَرِّ الْمَوَارِدِ وَالْمَحَرَةِ وَالطَّيَّارَاتِ وَمِنْ شَرِّ
سَاكِنِ الْجِبَالِ وَالتُّرَابِ وَالْعُمْرَانِ وَالرِّيَاضِ وَالْخَرَابِ وَمِنْ شَرِّ مَنْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَالْجِبَالِ وَمَنْ يَّسْكُنُ فِي الظُّلُمَاتِ وَمِنْ
شَرِّ مَنْ يَّسْكُنُ فِي الْعُيُوْنِ وَمَنْ يَّمْشِيْ فِي الْاَسْوَاقِ وَيَكُوْنُ مَعَ الدَّوَابِّ وَالْمَوَاشِيْ وَالْوُحُوْشِ وَيَسْتَرِقُ السَّمْعَ وَمَنْ اِذَا قِيْلَ
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَذُوْبُ كَمَا يَذُوْبُ الرَّصَاصُ وَالْحَدِيْدُ عَلَى النَّارِ وَمِنْ شَرِّ مَا يَكُوْنُ فِي الْاَرْحَامِ وَالْاٰجَامِ وَالْاٰطَامِ وَمِنْ شَرِّ مَا
يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ وَاُعِيْذُهٗ مِنَ الْخَطَرِ وَالنَّظَرِ وَالْكِبْرِ هَيًّا شَرَاهِيًّا مَهْلًا ـ اَللّٰهُ هُوَ اَجَلُّ وَاَعَزُّ وَاَقْدَرُ مِنَ
الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ وَاُعِيْذُهٗ مِنْ كُلِّ عَيْنٍ بَاغِيَةٍ وَّاُذُنٍ سَامِعَةٍ وَّمِنْ شَرِّ الدَّاخِلِ وَالْخَارِجِ وَمِنْ شَرِّ عَفَارِيْتِ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَمِنْ شَرِّ
كُلِّ ذِيْ شَرٍّ وَّمِنْ شَرِّ كُلِّ غَادٍ وَّرَائِحٍ وَّمِنْ شَرِّ سَاكِنِ الرِّيَاحِ مِنْ عَجَمِيٍّ وَّفَصِيْحٍ وَّنَائِمٍ وَّيَقْظَانَ وَاُعِيْذُهٗ مِنْ شَرِّ مَنْ تَنْظُرُ اِلَيْهِ الْاَبْصَارُ
وَتَضُمُّ اِلَيْهِ الْقُلُوْبُ وَمِنْ شَرِّ سَاكِنِ الْاَرْضِ وَسَاكِنِ الزَّوَايَا وَمِنْ شَرِّ مَنْ يَّصْنَعُ الْخَطِيْئَةَ وَيُوْلَعُ بِهَا وَمِنْ شَرِّ مَا تَنْظُرُ اِلَيْهِ الْاَبْصَارُ
وَاُعِيْذُهٗ مِنْ شَرِّ اِبْلِيْسَ وَجُنُوْدِهٖ وَمِنْ شَرِّ الشَّيَاطِيْنِ ○

یہ مقدس مکتوب پیرس (فرانس) کے شاہی عجائب گھر سے دستیاب ہوا

پاکستان میں اسکی پہلی بار اشاعت کا شرف دار الاحسان کو نصیب ہوا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ مَاشَآءَ اللّٰہُ لَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰینَا وَحَبِیْبِنَا مُحَمَّدٍ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَعِتْرَتِہٖ بِعَدَدِ کُلِّ
مَعْلُوْمٍ لَّکَ وَبِعَدَدِ خَلْقِکَ وَرِضٰی نَفْسِکَ وَزِنَۃَ عَرْشِکَ وَمِدَادَ کَلِمَاتِکَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ
یَاحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ یَاقَیُّوْمُ

فضائل سورۃ فاتحہ

حضرت ابو سعید بن معلی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں (مسجدِ نبویؐ میں) ایک دن نماز ادا کر رہا تھا کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھے طلب فرمایا میں نماز سے فارغ ہو کر حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم! میں نماز میں تھا اس لیے حاضر ہونے میں تاخیر ہوئی۔ آپؐ نے فرمایا کیا اللہ تعالےٰ نے یہ حکم نہیں دیا کہ جب تم کو اللہ اور اس کا رسول بلائیں تو فوراً خدمت میں حاضر ہوا کرو۔ اس کے بعد آپؐ نے ارشاد فرمایا میں تمہیں قرآنِ کریم کی ایک ایسی سورت

بتاؤں گا جو ثواب کے لحاظ سے سب سے بڑی ہے تو فرمایا کہ وہ الحمد کی سورت ہے، اسکو سبع مثانی کہتے ہیں اور یہی وہ قرآنِ عظیم ہے جو مجھے عطا کیا گیا۔

(صحیح بخاری ج ۲ ص ۶۷۹ / کتاب العمل بالسنۃ ج ا ص ۸۲۳)

و۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان فرمایا کہ ایک دن حضرت جبریل علیہ السّلام نبیٔ اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک آواز بڑے زور کی دروازہ کھلنے کی سُنی سو اُنہوں نے (حضرت جبریلؑ نے) اپنا سر اٹھایا اور کہا کہ یہ ایک دروازہ ہے آسمان کا جو آج ہی کھُلا ہے اور آج کے دن کے سوا پہلے کبھی نہیں کھُلا۔ پھر اس سے ایک فرشتہ اُترا اور (حضرت جبریلؑ نے) کہا یہ فرشتہ جو زمین پر اُترا ہے، آج کے دن کے سوا پہلے کبھی نہیں اترا تھا اور اس نے سلام کیا اور کہا خوشخبری ہو آپؐ کو

دو نوروں کی جو آپ کو عنایت کیے گئے ہیں، اور نبیوں میں سے کسی نبی کو نہیں ملے سوائے آپ کے۔ ایک سورۃ فاتحہ ہے اور دوسرے سورۃ بقرہ کا آخری حصہ تم کوئی حرف اس میں نہ پڑھو گے کہ اسکی مانگی ہوئی چیز تمہیں نہ ملے۔

(صحیح مسلم ج ۱ ص۲۷۱ / کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ ص۳/۱۲۲)

و۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے۔ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اُبَیّ اُبَیّ اور وہ (اس وقت) نماز پڑھ رہے تھے۔

وہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف متوجہ تو ہوئے مگر جواب نہیں دیا اور ہلکی (یعنی مختصر)

نماز پڑھ کر جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف مُڑے

اور عرض کیا السّلام علیک یارَسول اللہ (صلے اللہ علیہ وسلم)

جنابِ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وعلیک السلام

اُبَیّ ! جب میں نے تمہیں بلایا تو تم نے جواب کیوں نہیں

دیا ؟ انہوں نے عرض کیا یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم

میں نماز میں تھا ۔ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

مجھ پر اللہ تعالےٰ نے جو وحی بھیجی ہے (یعنی قرآنِ کریم) کیا

اس میں تمہیں یہ حکم نہیں مِلا کہ " اللہ اور اس کے رسولؐ کی

پُکار کا جواب دو جبکہ وہ زندگی عطا کرنے کے لیے تمہیں

بُلائیں "؟ ؂

حضرت اُبَیّ رضی اللہ عنہٗ نے عرض کیا ہاں یہ حکم تو میں نے

قرآنِ کریم میں دیکھا ہے اور آئندہ انشاءاللہ کبھی ایسا نہ

کروں گا ۔ جنابِ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا

؂ الانفال - ۲۴

تم چاہتے ہو کہ میں تمہیں ایک ایسی سورت بتادوں جس کی مثل نہ توراۃ میں اُتری نہ انجیل میں، نہ زبور میں اور نہ قرآن میں۔ انہوں نے عرض کیا ہاں یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم (ایسی سورت تو ضرور بتائیے)

حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم نماز میں قرآن کس طرح پڑھتے ہو؟ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہٗ فرماتے ہیں کہ اس پر حضرت اُبیؓ نے اُمّ القرآن (سورۃ فاتحہ) پڑھی۔ جنابِ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے، اسکی مثل (کوئی سورت) نہ توراۃ میں اُتری ہے نہ انجیل میں، نہ زبور میں اور نہ قرآن میں (اور یہ سات (آیتیں) ہیں مثانی (بار بار دہرائی جانے والی) ہیں قرآنِ عظیم میں سے جو مجھے عطا کیا گیا ہے۔

(جامع ترمذی۔ج ۲ ص ۱۱۱ / کتاب العمل بالسنۃ۔ ج ۱ ص ۸۲۳)

۹۔ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ، سے روایت ہے کہ میں جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا۔ آپ صلے اللہ علیہ وسلم پانی بہا رہے تھے میں نے کہا السّلام علیک یا رسول اللہ (صلے اللہ علیہ وسلم) آپ نے جواب نہ دیا۔ میں نے پھر کہا۔

السّلامُ علیک یا رسول اللہ (صلے اللہ علیہ وسلم) آپ نے جواب نہ دیا۔ میں نے تیسری بار السلام علیک یا رسول اللہ (صلے اللہ علیہ وسلم) کہا۔ آپ نے جواب نہ دیا۔ پھر آپ چلنے لگے۔ میں بھی آپ کے پیچھے پیچھے چلتا گیا۔

آپ اپنے گھر مبارک میں داخل ہو گئے اور میں مسجد میں چلا گیا۔ چنانچہ میں مغموم و رنجیدہ ہو کر بیٹھ گیا۔ آپ صلے اللہ علیہ وسلم نہا دھو کر میرے پاس تشریف لائے اور فرمایا

وعلیک السلام و رحمۃ اللہ و برکاتہ، وعلیک السلام و رحمۃ اللہ و برکاتہ، وعلیک السلام و رحمۃ اللہ و برکاتہ،

پھر فرمایا اے عبداللہ بن جابرؓ! میں تجھے قرآنِ کریم کی بہترین سورت نہ بتاؤں ؟ میں نے عرض کیا ضرور بتا دیجئے۔ آپ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ الحمد للہ ربّ العالمین آخر تک (یعنی پوری سورت) پڑھا کر۔

(مسند احمد بن حنبلؒ / کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ ص ۸۲۴)

و۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے، کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو سات آیتیں مثانی جو بہت لمبی ہیں (یعنی ان کے معانی طویل ہیں اگرچہ الفاظ مختصر ہیں) عطا کی گئیں اور حضرت موسیٰ علیہ السّلام کو چھ آیتیں ملیں اور جب انہوں نے غصہ میں آکر تختیاں (جن پر تورات لکھی ہوئی تھی) زمین پر ڈال دیں تو دو آیتیں اُٹھ گئیں اور چار باقی رہ گئیں۔

(سنن ابی داؤد / کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ ص ۸۲۴)

و۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، سے روایت ہے کہ جناب

رُسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو کلام اللہ کی تعریف سے شروع نہ کیا جائے، وہ لنڈورا ہے۔

(سنن ابو داؤد ج ۲ ص ۳۰۹ / کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ ص ۸۲۴)

و۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رُسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر ذی شان کام جو اللہ تعالیٰ کی حمد سے شروع نہ کیا جائے وہ ادھورا اور بے برکت ہوتا ہے۔

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ ص ۸۲۴)

و۔ حضرت عبدالملک بن عمیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جناب رُسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ فاتحۃ الکتاب یعنی سورۃ الحمد ہر بیماری سے شفا ہے۔

(سنن دارمی / کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ ص ۸۲۵)

و۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تورات، انجیل زبور اور قرآن میں سورۃ فاتحہ جیسی کوئی سورت نازل نہیں کی گئی اور یہ سات آیات ہیں (یعنی ہر رکعت میں) پڑھی جاتی ہیں اور قرآنِ عظیم ہے جو مجھے عطا گیا ہے

(سنن دارمی / کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ ص ۸۲۵)

۹۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ سورۃ فاتحہ قرآن کی جڑ ہے اور کتاب کی جڑ ہے اور سبع مثانی ہے (اس میں سات آئتیں ہیں جو بار بار ہر نماز میں پڑھی جاتی ہیں یا جن میں اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا ہے وہ سات آئتیں بسم اللہ سمیت ہیں یا بسم اللہ کے بغیر اس سورۃ میں صراط الذین انعمت علیہم چھٹی آیت ہوگی، غیر المغضوب علیہم ولا الضآلین ساتویں آیت)

(سنن دارمی / کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ ص ۸۲۵)

و۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ، سے روایت ہے کہ جنابِ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ایک سفر میں کسی منزل پر ٹھہرے۔ ایک آدمی آپؐ کے پہلو میں آیا۔ آپؐ نے اسکی طرف توجہ فرمائی اور فرمایا کیا میں تجھے قرآن کی سب سے زیادہ فضیلت والی سورت نہ بتاؤں؟ پھر آپؐ نے اسکو الحمد للہ رب العالمین پڑھ کر سُنائی۔

(مستدرک حاکم / کتاب العمل بالسنۃ ج ا ص۸۲۵)

و۔ حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ، سے روایت ہے کہ جنابِ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سورۃ فاتحہ ایسی جزا اور ثواب دیتی ہے کہ اس کے برابر سارے قرآن میں اور کوئی سورۃ نہیں دیتی۔ اگر میزان کے ایک پلڑے میں سورۃ فاتحہ رکھی جائے اور دوسرے پلڑے میں باقی قرآن رکھا جائے تو سورۃ فاتحہ باقی قرآن سے سات گنا زیادہ وزنی ہوگی

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ ج ا ص۶/۸۲۵)

و۔ حضرت ابوہریرہ اور ابو سعید خدری رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

سورۃ فاتحہ زہر سے شفا دینے والی چیز ہے۔

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ ۲۰۱ ص ۸۲۶)

و۔ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہٗ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ چار چیزیں عرش کے نیچے کے خزانوں سے نازل ہوئیں۔ سورۃ فاتحہ، آیت الکرسی، سورہ بقرہ کی آخری آیات اور سورۃ کوثر۔ (کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ ۲۰۱ ص ۸۲۶)

و۔ حضرت انس رضؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالےٰ وحدہٗ لا شریک نے مجھے عطا کیا جو مجھ پر احسان کیا (فرمایا) میں دیتا ہوں تجھے سورۃ فاتحہ اور یہ میرے عرش کے خزانوں میں سے ہے

اور پھر میں نے اسکو اپنے اور تیرے درمیان بانٹ دیا

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ صـ۸۲۶)

و- حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، سے روایت ہے کہ جناب رُسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو مہتم بالشان کام شروع کیا جائے اور اسمیں الحمد اور درود نہ پڑھا جائے وہ دُم بریدہ ہے اور بے برکت ہے۔

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ صـ۸۲۶)

و- حضرت اُبَیّ بن کعب رضی اللہ عنہ، سے روایت ہے، کہ حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سورۃ فاتحہ جیسی سورت نہ تورات میں ہے اور نہ ہی انجیل میں اور یہی سبع مثانی ہے اور (اللہ فرماتا ہے کہ) یہی بانٹی ہوئی ہے میرے درمیان اور میرے بندے کے درمیان اور میرے بندے کو ملے گا جو وہ مانگتا ہے۔

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ صـ۸۲۶)

و۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ، سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص پڑھے گویا اس نے قرآنِ کریم کا تہائی حصہ پڑھا۔

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ ج ا ص۸۲۷)

و۔ حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ، سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالےٰ قطعی فیصلے کے مطابق لوگوں پر عذاب بھیجنے والے ہوں گے اس اثنا میں کوئی بچہ قرآن میں سے الحمد للہ رب العالمین (یعنی سورۃ فاتحہ) پڑھے گا پس اللہ تبارک و تعالیٰ اس سورت کو سن کر (اسکی برکت سے) لوگوں سے عذاب کو چالیس سال تک ملتوی کر دے گا۔ (ٹال دے گا) (تفسیر الکشاف / کتاب العمل بالسنۃ ج ا ص۱۹)

صَلَوٰتُ اللّٰہِ عَلٰی اٰدَمَ ٥

اللّٰہ کا درود ہو حضرت آدم علیہ السلام پر

حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے۔ کہ جو شخص ہر روز تین بار کہے صلوٰت اللّٰہ علیٰ آدم، تو اللّٰہ تعالیٰ اس کے گناہ بخش دیتا ہے خواہ سمندر کے جھاگ کے مثل ہوں اور وہ شخص جنت میں حضرت آدم علیہ السلام کی رفاقت میں ہوگا۔

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ ج ۸ صـ ۱۴۵)

حضرت آدم علیہ السلام کی تسبیح

سُبْحَانَ الْخَالِقِ الْبَارِیٔ سُبْحَانَ اللّٰہِ

پاک ہے پیدا کرنے والا بنانے والا پاک ہے اللّٰہ

اَلْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ ۝ عشر مرات

عظمت والا اور تعریف اس کے لیے ہے (۱۰ بار)

اضافہ

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ ۝

میں اللہ سے بخشش طلب کرتا ہوں

حضرت ابوسعاداتؒ کہتے ہیں کہ سیّدالبشر سیّدنا آدم علیہ السلام یہ تسبیح پڑھا کرتے تھے سبحان اللہ...الخ جو شخص اس تسبیح کو دس مرتبہ پڑھے گا اللہ تعالےٰ اسے ایسی عجیب و غریب چیزیں عنایت کرے گا جنہیں نہ آنکھوں نے دیکھا نہ کانوں نے سُنا اور نہ کسی آدمی کے دل پر اُن کا گمان گزرا۔

(نزھتہ المجالس / کتاب العمل بالسنۃ ج ۴ ص ۱۶۴/۵)

۱۰۰۹۴

ربّ ——— رحمٰن و رحیم

بَدِیعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَآ اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا

روح ——— امرِ ربّی

رگ رگ میں سراپا محوِ ذکر

مخمور و مسرور

نفس ——— امرِ عزازیل

خسران المبین

رنجور و مہجور

ھمّ و حُزن کا شکار

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین یا حیّ یا قیوم

وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم

اَلَمۡ یَعۡلَمۡ بِاَنَّ اللّٰہَ یَرٰی ۝ (العلق ۱۴:)

کیا وہ نہیں جانتا کہ اللہ اس کو دیکھ رہا ہے؟

۱۰۰۹۵

فقراء کی خلافت لوہے کے چنے چبانا اور

کانٹوں کا بچھونا ہوتی ہے یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضۡلِ العَظِیۡمِ

۱۰۰۹۶

جس گوشت و خون پہ تو فریفتہ تھا

کسی کے بھی روکے کبھی نہ رکتا اور

کبھی باز نہ رہتا

یہ ہے ←

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

اَللّٰھُمَّ قُلتَ اُدعُونِیۤ — اے اللہ تیرا فرمان ہے مجھ سے مانگو

اَستَجِب لَکُم — میں قبول کروں گا

اِنَّکَ لَا تُخلِفُ المِیعَادَ — یقیناً تو وعدہ خلافی نہیں کرتا

وَاِنِّیۤ اَسئَلُکَ — اور میں تجھ سے یہ سوال کرتا ہوں

یاحیّ یاقیوم

اَسْئَلُکَ بِاِسْمِكَ الْاَعْلٰی الْاَعَزِّ الْاَجَلِّ

الْاَکْرَم ط

میں تجھ سے تیرے اس اونچے عزّت و جلال و اکرام

والے نام کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں

یا حیّ یا قیوم

اِنَّکَ رَحِیْمٌ وَّدُوْدٌ ط لقیناً تو بہت مہربان

بہت محبت کرنیوالا ہے

وَاِنَّکَ تَفْعَلُ مَا تُرِیْدُ ط اور بے شک تو کرڈالتا

ہے جس کا تو ارادہ کرتا ہے

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۰۹۷

دُنیا ـــــــــ متاعِ قلیل

رہنے والو! یہاں کسی نے بھی سدا نہیں رہنا۔

آخرت ـــــــــ متاعِ عزیز

جو کام آخرت میں کام نہیں آنے، کیا ہیں؟

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۰۰۹۸

تصوّرات کی دُنیا میں، جہاں تم رہتے ہو،

اصل تصوّر ہے۔" یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۰۰۹۹

اللہ سے تو کوئی بھی شے اوجھل نہیں!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُو الفَضلِ العظیم

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُكَ — اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

مِنْ کُلِّ خَیْرٍ — ہر اس بھلائی کا

خَزَآئِنُهٗ بِیَدِكَ — جس کے خزانے تیرے قبضۂ قدرت میں ہیں

وَ اَعُوْذُ بِكَ — اور میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں

مِنْ کُلِّ شَرٍّ ہر اُس بُرائی سے

خَزَآئِنُہٗ بِیَدِکَ ط جس کے خزانے تیرے

قبضۂ قدرت میں ہیں۔

(المستدرک للحاکم/ کتاب العمل بالسنۃ ج۴ ص۵۷۷)

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفضل العظیم

۱۰۱۰۰

یہ مت سوچ ——— دُنیا کیا کہتی ہے

یہ سوچ ——— اللہ کیا کہتا ہے

دُنیا رین بسیرا پل کا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفضلِ العظیم

۱۰۱۰۱

جوں جوں بندہ سے گناہ جھڑتے ہیں
رحمتِ الٰہی کے نور کا ظہور ہوتا ہے۔

ہر گناہ ـــــ زحمت ؛ ہر خیر ـــــ رحمت

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيْم

۱۰۱۰۲

اَلْاِنْسَانُ سِرِّیْ وَاَنَا سِرُّہٗ

انسان میرا بھید ہے اور میں اسکا

عبد و معبود کے مابین راز و نیاز افشا نہیں ہوتے،

مجوب پردوں میں مستور رہتے ہیں۔

توحید کے باب میں غیریت کا جواز نہیں ہوتا،

عَزَّ جَارُکَ وَجَلَّ ثَنَاءُکَ وَلَآ اِلٰہَ غَیْرُکَ

کی تشریحات ہوتی ہیں۔

آپ کھلاوے

آپ پلاوے

آپ سلاوے

آپ جگاوے

اپنی حمد ——— آپ سناوے

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ وَلَآ اِلٰـہَ غَیْرُکَ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين

وَاللّٰہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْمِ

۱۰۱۰۳

جنت و دوزخ کے ثواب و عذاب سے بالا ہو کر
ذکرِ الٰہی میں محو ہو۔ کوئی بھی شے تیری محویت
میں مخل نہ ہو، قائم الدائم رہے۔

یہ کیا محویت ہے؟ نام کو بھی نہیں۔ محویت
جب طاری ہوتی ہے، تام ہوتی ہے۔

دنیا تے دُوں کی کوئی بھی شے اور کوئی بھی منصب
اس منزل میں کوئی قدر و اہمیت مطلق نہیں رکھتا
ہیچ و بیکار اور سراب و فریب گردانا جاتا ہے

عہد و پیمان کی تجدید دم دم جاری رہتی ہے

عہدِ الست کو از بر کر۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۱۰۴

مرد کا ایک بول محشر تک قائم رہتا ہے۔

ہر شے بدلے ـــ بدلے، بول کبھی نہیں بدلتا۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۱۰۵

فری آئی کیمپ دارالاحسان کے رضاکاران کا شکریہ !

کوئی بھی اُجرت اور کوئی انعام، کسی بھی انداز میں،

ان کی خدمات کا صلہ نہیں ہو سکتا مگر اللہ اور

صرف اللہ۔ ماشاء اللہ، پینتیس دن لگاتار محوِ عمل

رہتے ہیں۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۙ پڑھ اور تیرا رب بڑا کریم ہے

الَّذِىْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۙ جس نے قلم سے تعلیم دی۔

عَلَّمَ الْاِنْسَانَ انسان کو وہ کچھ سکھایا

مَالَمْ يَعْلَمْ ۗ جو وہ نہ جانتا تھا۔

(العلق ۳ تا ۵)

اَنْتَ تَرٰى آپ دیکھتے ہیں

وَلَا تُرٰى اور دیکھے نہیں جاتے

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

۱۰۱۰۶

ڈھگے کی کوئی مرضی نہیں ہوتی،

مالک جہاں چاہے ــــ جوت لے ۔ یاحی یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

۱۰۱۰۷

تدبیر نہیں ـــــــ فراستؒ

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العظیم

۱۰۱۰۸

ھمّ و حُزن چیست :

ہم و حزن ایک ربّانی عنایت ہے۔ جملہ گناہوں کا کفّارہ بن کر خزانۂ قدرت میں رحمت بن کر داخل ہو جاتی ہے، پھر فضل و کرم کا باب کھلتا ہے۔

جب تک کوئی ہمّ و حزن کے دفتر میں سے نہیں گزرتا، فضل و کرم کا منتظر رہتا ہے۔ جب بھی کوئی

فضل و کرم کے باب سے گزرا، ہم و حزن کے باب ہی سے گزر کر گزرا۔ گویا ہم و حزن (اللہ اللہ، ماشاء اللہ) فضل و کرم کے وُرود کا اوّلین باب ہے، ہم و حزن کی کٹھالی میں جل کر ہی سونا کُندن بنا۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۱۰۹

ابتلا ہی نے بندوں کو مرنا جینا سکھلایا۔

اَللّٰھُمَّ	اے اللہ !
اَنتَ فِی السَّمَآءِ وَاحِدٌ	تو آسمان میں یکتا ہے
وَ اَنَا	اور میں
فِی الاَرضِ وَاحِدٌ	زمین میں تنہا
اَعبُدُکَ	آپ کی عبادت کر رہا ہوں

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ
جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب
ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈال دیا گیا تو آپ
نے کہا اللّٰھم انت .... الخ

(جامع الصغیر/ کتاب العمل بالسنۃ ج ۴ ص ۹۱)

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۰۱۱۰

اوّل و آخر، ظاہر و باطن کا ایک ہی پردہ ہے

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۰۱۱۱

دنیا کی کمائی آخرت کے کسی کام نہ آئی

آخرت کی کمائی بندوں نے رج رج کھائی۔

اوروں کو بھی جی بھر کھلائی۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۱۱۲

قاسم الخیرات الحسنہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خیرات
لوگوں کو کھلاتے ہیں
بچی کھچی ہم بھی کھاتے ہیں
کوئی بھی اس سے مستثنیٰ نہیں۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۱۱۳

سیّدنا اُمّیؐ صلی اللہ علیہ وسلم

میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم وھبی علوم کی انتہا۔

جسے جو بھی وھبی علم عنایت ہوا، تیرے ہی در سے

ہوا۔ یا حیّ یا قیوم

اَسۡمَعُ وَ اَرٰی

سُنتا ہوں اور دیکھتا

(طٰہٰ ۔ ۴۶)

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرّازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۱۱۴

دین کی تبلیغ میں انا کا باب نہیں ہوتا،

کتاب و سُنّت کے مطابق اتباع ہوتی ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۱۱۵

ایمان باللّٰہ

اِنَّکَ رَحِیمٌ وَّدُودٌ — یقیناً تو بہت مہربان محبت کرنیوالا ہے

وَّاِنَّکَ تَفعَلُ مَا تُرِیدُ ط — اور بیشک تو کر ڈالتا ہے جس کا تو ارادہ کرتا ہے

کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ ص ۱۰۳۵

اِنَّ اللّٰہَ بِالنَّاسِ لَرَءُوفٌ الرَّحِیمٌ ○ — بے شک اللّٰہ لوگوں پر نہایت مہربان اور رحم فرمانے والا ہے۔

(کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ ص ۱۰۳۵)

۱۰۱۱۶

بندہ دُنیا میں جینے کے لیے نہیں، مَرنے کے لیے آتا ہے۔

یہ مرا یہ مرا یہ مرا

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العظیم

۱۰۱۱۷

یہ دُنیا فنا کا مقام ہے۔ کوئی بھی شے اس میں باقی رہنے والی نہیں۔ اِلّا باقیاتُ الصلحات

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العظیم

۱۰۱۱۸

جو بھی شے تو دیکھتا ہے، فانی ہے — فنا

باقیات الصالحات — عین بقا

جسم فانی — روح باقی

امرِ ربّی — باقی

امرِ عزازیل — فانی

فانی — باعثِ عذاب و فتنات

باقی — باعثِ ثواب و راحت

ارذل العمر — حسرت و ندامت

ذِکر اللہ — موجبِ ابدی عیشُ الرّحمۃ

اَللّٰھُمَّ لَا عَیْشَ اِلَّا عَیْشُ الْاٰخِرَۃِ ۝

(کتاب العمل بالسنۃ ج ۲ ص ۳۸)

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۰۱۱۹

یہ بیری ایک ننھی سی کونپل تھی
بڑھتے بڑھتے درخت بنی
گنجان، سایہ دار درخت
تیرا عمل کیوں نہ پھیلا؟
منکرات[۱] نے کھالیا!
جونہی کوئی کونپل اٹھی،
مسل دی! ——! ——!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰهُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

[۱] جھوٹ، چغلی، غیبت اور حسد

۱۰۱۲۰

جس کی غیبت کی گئی — خوش نصیب

جس کی چغلی کی گئی — بالا بخت

جس پہ بہتان باندھا گیا — مالا مال

الف نے کب کسی کو کیا کرتے دیکھا ؟ ب ہی کے کہنے پہ اکتفا کیا۔

یہ ہے خسران المبین ! ظلم نہیں تو کیا ہے ؟

سب کی سن کر صبر کیا۔ اُف تک نہ کی اور

وَاصْبِرْ عَلٰی مَا یَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِیْلًا ؏

کا عملی مصداق بنے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

؏ المزمل آیت ۱۰

وَاللّٰہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

اَللّٰهُمَّ	اے اللہ
اِنِّیۡ اَسۡتَغۡفِرُكَ	میں تجھ سے معافی چاہتا ہوں
لِمَا	اس (گناہ) کی
تُبۡتُ اِلَيۡكَ مِنۡهُ	جس سے میں نے توبہ کی ہو
ثُمَّ	اور پھر دوبارہ
عُدۡتُّ فِيۡهِ	میں نے اسکا ارتکاب کیا ہو
وَاَسۡتَغۡفِرُكَ	اور تجھ سے معافی چاہتا ہوں
لِمَآ	اس (عہد) کی
اَعۡطَيۡتُكَ مِنۡ نَّفۡسِیۡ	جو میں نے تجھے اپنی جانب سے دیا
ثُمَّ لَمۡ اُوۡفِ لَكَ بِهٖ	اور پھر میں نے اسکو پورا نہ کیا ہو
وَاَسۡتَغۡفِرُكَ	اور میں تجھ سے معافی چاہتا ہوں
لِلنِّعَمِ الَّتِیۡ	ان نعمتوں کے بارے میں
تَقَوَّيۡتُ بِهَا	جن سے قوت حاصل کی میں نے

عَلٰی مَعْصِیَتِکَ	تیری نافرمانی پر
وَاَسْتَغْفِرُکَ	اور تجھ سے معافی چاہتا ہوں
لِکُلِّ خَیْرٍ	ہر اس نیکی کے بارے میں
اَرَدْتُّ بِہٖ وَجْہَکَ	جسے میں نے خالص تیرے لیے کرنا چاہا
فَخَالَطَنِیْ فِیْہِ	پھر مل گئی اس میں وہ چیز جو
مَا لَیْسَ لَکَ	تیرے لیے نہ تھی
اَللّٰھُمَّ لَا تُخْزِنِیْ	اے اللہ مجھے رسوا نہ کرنا
فَاِنَّکَ بِیْ عَالِمٌ	کیونکہ تُو تو مجھے جانتا ہے
وَلَا تُعَذِّبْنِیْ	اور مجھے عذاب نہ دینا
فَاِنَّکَ عَلَیَّ قَادِرٌ	کیونکہ تو مجھ پر مکمل قدرت رکھتا ہے۔

(الحزب الاعظم)

(کتاب العمل بالسنۃ ج ۴ ص ۱۶۰)

۱۰۱۲۱

زندگی ایک موتی ہے۔
موتی کی اصل چمکنا اور دمکنا ہے۔
گرد و غبار میں لپٹ کر دھندلا بنا۔
جونہی صاف ہوا ـــــــ موتی کا موتی

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذُوالفضلِ العظیمْ

۱۰۱۲۲

میں بے وطن مسافر ہوں۔
اپنے دنیوی معاملات میں
مجھے ملوّث مت کیا کرو۔
نماز پڑھا کرو۔

اللہ کا ذکر کیا کرو۔ اللہ سے عافیت کی دُعا مانگا کرو۔

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظیم

۱۰۱۲۳

جملہ تعلیم کا نچوڑ

تیرے بِنا، تیری قسم، کوئی کچھ بھی کرنے پہ کوئی قُدرت نہیں رکھتا۔ تیرے امر کا مامور، قدر کا مقدور اور تیرے ہی فضل و رحمت کا اُمیدوار۔ اور کوئی کچھ بھی نہیں۔

❁

اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ — اے اللہ ہدایت دے

مِنْ عِنْدِکَ — مجھے اپنی جناب سے

وَاَفِضْ عَلَیَّ مِنْ	اور ڈال مجھ پر اپنا
فَضْلِكَ وَانْشُرْ عَلَیَّ	فضل اور نچھاور کر مجھ
مِنْ رَّحْمَتِكَ وَاَنْزِلْ	پر اپنی رحمت اور نازل
عَلَیَّ مِنْ	کر مجھ پر اپنی برکات
بَرَكَاتِكَ ط	(یعنی اپنی رحمتیں اور
	برکتیں نازل فرما)

(کتاب العمل بالسنۃ ج ۲ ص ۶۶/۶۵)

اور یہ ساری کھیل، اے بادشاہوں کے بادشاہ ربّ ذوالجلال والاکرام، تیری ہی ارادت نے رچائی اور بسائی ہوئی ہے۔ اگر یہ کھیل نہ ہوتی، دُنیا کس قدر سنسان و ویران ہوتی۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۰۱۲۴

حاظر و ناظر:

بندہ بول رہا ہے، اَللّٰہ سُن رہا ہے

بندہ کر رہا ہے، اَللّٰہ دیکھ رہا ہے

بندہ سوچ رہا ہے، اَللّٰہ جان رہا ہے

جو دیکھتے ہو، سُنتے ہو، بولتے ہو اور سوچتے ہو

عین اُللّٰہ کے رو برو ہے

اَللّٰہ سے ڈرا کرو۔ منکرات سے باز رہا کرو۔

یہ مشق اہم ترین منزل اور اسی پہ استقلال شاید ہی کسی کو حاصل ہو۔ دُنیا بھلی و بھلی۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیمْ

۱۰۱۲۵

بچو پائے کھائے جاتے ہیں۔ دبادب

کھائے جاتے ہیں۔

پیٹ جب بھر جاتا ہے، بیٹھ کر جگالی کرکے ہر شے ہضم کر لیتے ہیں۔ اسی طرح علم پہ عمل

جس علم پہ عمل نہ کیا، اس علم سے کیا فیض پایا؟ رٹنے ہی پہ اکتفا کیا۔ جب بھی کسی نے کوئی علم پڑھا اور اس پہ عمل کیا، فیض یاب ہُوا،

ماشاء اللہ!

جو علم یہاں سکھایا جاتا ہے، سال ہا سال سے یہ علم ایک دوسرے کو سُناتے ہیں، بار بار تاکید کرتے ہیں اور تلقین کرتے ہیں، کوئی بھی باز نہیں رہتا۔

عجب معاملہ ہے!!

جس علم کی تبلیغ کرتے ہو، اس پہ کبھی خود عمل نہیں کرتے۔ عجب نہیں تو کیا ہے؟

یا حیُّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذُو الفضلِ العظیم

۱۰۱۲۶

غم کوئی وجود نہیں رکھتا، ظُلم ہی سے پیدا ہوتا ہے
استجابت ـــــ غم سے نجات۔

یا حیُّ یا قیوم

❁

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَتَّخِذُ عِنۡدَکَ عَھۡدًا

اے اللہ میں لیتا ہوں تجھ سے ایک وعدہ،

لَنۡ تُخۡلِفَنِیۡہِ فَاِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ

کہ ہرگز خلاف نہ کرنا اس کے چونکہ میں ایک بشر ہوں

فَاَیُّ الْمُؤْمِنِیْنَ اٰذَیْتُہٗ اَوْشَتَمْتُہٗ

سو جو بھی کسی مومن کو تکلیف دوں یا اسے بُرا بھلا کہوں

اَوْلَعَنْتُہٗ اَوْجَلَدْتُّہٗ فَاجْعَلْھَا لَہٗ

یا اسے بددعا دوں یا اسے ماروں پیٹوں تو کر دینا اسکو

زَکٰوۃً وَّ صَلٰوۃً وَّ قُرْبَۃً تُقَرِّبُہٗ

اُس کے حق میں پاکی اور رحمت اور ذریعۂ قربت کہ مقرب

بِھَا اِلَیْکَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ ط

بنائے تو اُسے بوجہ اس کے قیامت کے دن۔

(حضرت ابوہریرہؓ / مسند احمد بن حنبل۔ کتاب العمل بالسنۃ ج۲ ص۸۸)

❁

اَللّٰھُمَّ اِنَّ عَزِیْمَتَکَ عَزِیْمَۃٌ

اے اللہ اصل میں تیری پختگی ہی پختہ ہے جو (کبھی) ردّ

لَا تُرَدُّ وَ قَوْلُکَ قَوْلٌ لَّا

نہیں ہوتی اور تیرا قول وہ قول ہے جس کی (کبھی)

يُكَذَّبُ فَأْمُرْ طَاعَتَكَ

تکذیب نہیں ہوتی (تیرا قول ہر حال میں حق ہے) سو تو اپنی طاعت کو

فَلْتَحُلَّ فِي كُلِّ شَيْءٍ مِنِّي

امر فرما کہ وہ میری ہر شے میں داخل ہو جائے جبتک میں

اَبَدًا مَّا بَقِيْتُ وَاْمُرْ مَعَاصِيَكَ

زندہ ہوں (زندگی بھر ہر معاملے میں تیرا اطاعت گزار رہوں) اور اپنی نافرمانی کو حکم

فَلْتَخْرُجْ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مِنِّي

فرما کہ وہ ہمیشہ کیلئے میری ہر شے سے نکل جائے اور پھر میری ہر شے

ثُمَّ حَرِّمْ عَلَيْهَا الدُّخُوْلَ فِيْ

میں اس کا داخلہ ہمیشہ کے لیے حرام فرما جب تک تو مجھے باقی رکھے

كُلِّ شَيْءٍ مِّنِّيْ اَبَدًا مَّا اَبْقَيْتَنِيْ

(یعنی عمر بھر کبھی تیری نافرمانی نہ کروں) اے رحم کرنے والوں

يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ط

کے رحم کرنے والے۔

(حضرت جابرؓ / کنز العمال)

(کنز العمال نمبر: [illegible])

۱۰۱۲۷

رَبُّ الْمَلٰٓئِکَۃِ وَالرُّوْحِ

منجملہ ارواح کے، یہ بھی ایک روح ہے
یہ میں نہیں کہتا، روح کہتی ہے۔
روح ـــ طاہر و مطہر، لطیف و منزّہ۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذُوالفضل العظیم

۱۰۱۲۸

تیرے شاہد ـــ درخت اور ستارے

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذُوالفضل العظیم

۱۰۱۲۹

ایک چھُپا ہوا غیر اس کے اندر رہتا ہے جب
تک وہ دُور نہیں ہوتا، روح پردہ کرتی ہے۔
اور میری روح اس غیر کو جانتی ہے
اسی لیے پردہ کرتی ہے۔ یہ ایسا غیر ہے
کوئی مائی کالال ہی اسے دُور کرنے کی جرأت کر سکتا
ہے۔ ہر کوئی کیا، کوئی بھی نہیں مگر ان ہی کی طرف
سے عنایت کردہ،

پُٹھیاں کرکے لٹکایا، پھر بھی باز نہ آیا۔ چھتّر مارے،
چھتّر کھا کر سسکیاں لیں، پھر بھی اندر ہی رہا۔ بولا: اللہ
ہی نے مجھکو اندر رہنے کا حکم دیا ہوا ہے، میں رہتا ہوں مگر ذلیل
بنکر اور زبوں بنکر۔ اس پر وہ چپ ہو گئے! یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُو الفَضلِ العَظِیمِ

حظیرۃ القدس

اللہ بادشاہ ہے۔ اللہ ہی بادشاہ ہے

کون ہے جو مجھ سے دُعا کرے، میں اسکی دُعا قبول کروں؟

کون ہے جو مجھ سے مانگے، میں اس کو دوں؟

کون ہے جو مجھ سے بخشش چاہے میں اسے بخش دوں؟

مسلم شریف

میں ہی بادشاہ ہوں - میں بادشاہ ہوں

کون ہے جو مجھ سے دُعا مانگے، میں اُسکی دُعا قبول کروں؟

ہے کوئی جو مجھ سے سوال کرے، میں اسکا سوال پورا کروں؟

ہے کوئی مغفرت مانگنے والا (اپنے گناہوں سے)
کہ میں اُسکی مغفرت کروں؟ (مسلمؒ / ترمذیؒ)

ہے کوئی مانگنے والا کہ میں اسے دوں؟

کوئی دُعا کرنے والا ہے کہ اسکی دُعا قبول کی جائے؟

ہے کوئی بخشش مانگنے والا کہ اسے بخش دیا جائے ؟
(مسلمؒ)

کون مجھ سے دُعا کرتا ہے کہ میں قبول کروں ؟

کون مجھ سے سوال کرتا ہے کہ میں اسکو دوں ؟

کون قرض دیتا ہے اسکو جو کبھی فقیر نہ ہوگا،
نہ کسی پر ظلم کرے گا ؟ (مسلمؒ)

کون ہے جو مغفرت مانگے ؟

کون ہے جو توبہ کرے ؟

کون ہے جو کچھ مانگے ؟

کون ہے جو دُعا کرے ؟
(مُسلم)

کون بندہ میرے بندوں میں سے ہے جو مجھے پُکارے
میں اس کی دُعا قبول کروں ؟

کوئی ہے جس نے اپنی جان پر ظُلم کیا ہو، مجھے
پُکارے میں اس کا گناہ معاف کروں ؟

کوئی رزق کا بھُوکا ہے، میں اسکو روزی دوں ؟

کوئی مظلوم ہے جو مُجھکو پکارے تو میں اسکی امداد
کروں ؟

کوئی مجرم ہو تو میں اسکی گردن آزاد کروں؟
(مجمع الزوائد)

کوئی مظلوم ہے جو مجھے یاد کرے، اسکی امداد فرمادوں؟

کوئی امداد طلب کرنے والا ہے، جو مجھے پکارے
تو میں اسکی امداد کروں؟ (مجمع الزوائد)

ہے کوئی پکارنے والا؟ اس کی دعا منظور ہو

ہے کوئی سوالی کہ اسکو دیا جائے؟

ہے کوئی مصیبت زدہ؟ اسکی تکلیف دور کروں؟

میرے بندے میرے سوا کسی سے نہیں مانگتے

کون ہے جو مجھ سے دُعا مانگے، میں اسکو دوں؟

کون ہے جو مجھے پکارے، میں اسکی پکار کو قبول کروں؟

کون ہے جو مجھ سے معافی مانگے، میں اسکو معاف کروں؟ (کتاب التوحید)

میں بادشاہ ہوں۔ میں بادشاہ ہوں
کوئی ہے جو مجھ سے سوال کرے میں اسکو دوں؟

کوئی ہے جو مجھے پکارے میں اسکی پکار قبول کروں؟

کوئی ہے جو مجھ سے مانگے، میں اسکو بخش دوں؟

کوئی مجھ سے سوال کرے، میں اسکو دوں۔

(کتاب التوحید)

ہے کوئی جو قرض دے اسکو جو بھوکا اور فقیر نہیں اور نہ ظالم ہے؟

کون ہے جو گناہوں کی معافی مانگے تو میں اسکو معاف کر دوں؟

ہے کوئی جو توبہ کرے میں اسکی توبہ قبول کروں؟

(کتاب التوحید)

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

الحمد للحي القيوم فالله خير الرازقين

وَاللہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْمِ

وَجْهُكَ اَكْرَمُ الْوُجُوْهِ — (اے ہمارے پروردگار) تیری ذات سب سے بزرگ ذات ہے

وَجَاهُكَ اَعْظَمُ الْجَاهِ — اور تیرا رتبہ سب سے بڑا رتبہ ہے۔

وَعَطِيَّتُكَ اَفْضَلُ الْعَطِيَّةِ ط — اور تیرا عطیہ سب سے اچھا عطیہ ہے۔

(کتاب العمل بالسنۃ ج۱ ص۱۲۶)

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۰۱۳۰

زادِ راہ

"تم انہیں جانتے ہو؟"

"کیوں نہیں ؟

یہی تو میری زندگی کا زادِ راہ ہے ؟

میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم۔

اِن ہی کے جمال کی جستجو میری دُنیا بھر کی

منزل تھی۔

انہیں پاکر گویا ہر شے کو پایا"

الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ

الصلوٰۃ والسلام علیک یاحبیب اللہ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا نبی اللہ

الصلوٰۃ والسلام علیک یاخلیل اللہ

بندہ مرکرہی زندگی کا پیغام سُنا سکتاہے

اور مُوتُوا قَبلَ اَنْ تَمُوتُوا

اس پیغام کا شاہد ہونا ہے۔ یاحیی یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العظیم

۱۰۱۲۱

اَلاِنسَانُ عَینُ الوُجُود
وَالسَّبَبُ فِی کُلِّ مَوجُود

تیری ہستی — کائنات کی ہستی کا وجود،

شاہد ومشہود اور

ہستی کی مستی وراء الوراء — ہر کوئی پا نہیں سکتا۔

جس نے جو بھی دیکھا، تیری ہستی ہی کے ظہور میں دیکھا۔

یاحیی یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظیم

۱۰۱۳۲

وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ	اور وہ ہر چیز پر قادر
قَدِيْرٌ ؕ	ہے۔
اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ	بے شک اللہ تعالیٰ ہر
قَدِيْرٌ ؕ	چیز پر قُدرت رکھتا ہے
وَ كُلُّ شَیْءٍ لِّلّٰهِ رَبِّ	اور ہر چیز اللہ ربّ
الْعٰلَمِيْنَ ؕ	العالمین کے لیے ہے
